© rasailojaraid.com



# ضمیر کی خلش

دنیا کے تمام مذاہب عقائد میں اختلافات کے باوجود ایک نکتہ پر بہرحال متفق ہیں۔ کہ وہ اپنے ماننے والوں کو اخلاقیات کا درس ضرور دیتے ہیں مثلاً کسی کو دکھ نہ دینا، زیادتی نہ کرنا، گالی گلوچ سے بچنا، غصہ نہ کرنا جھوٹ نہ بولنا وغیرہ۔ یہ اخلاقی قدریں دراصل ہر مذہب کی پہچان اور کشش کا باعث ہیں۔ دوسروں کے حقوق کا تحفظ اور حسن سلوک کا مظاہرہ مذہب کی اعلیٰ روایات کا حصہ ہیں۔

یوں تو جرائم کی دنیا میں انتہائی گھناؤنے جرم بھی پائے جاتے ہیں۔ لیکن ان میں جھوٹ کو ہمیشہ بڑا جرم قرار دیا گیا۔ ہر تہذیب میں اس کی شدید مذمت کی گئی ہے۔ اسلام نے جھوٹے پر لعنت کی ہے۔ ''لعنۃ اللہ علی الکاذبین''۔

جھوٹ دراصل بہت سی برائیوں کو جنم دیتا ہے۔ بددیانتی اور خیانت، تفرقہ بندی اور انتشار جھوٹ کی بدولت پروان چڑھتے ہیں۔ جھوٹ ہی دھوکہ اور فریب کاری کا اصل ذریعہ ہے۔ بداعتمادی اور بدگمانی کا اصل سبب جھوٹ ہے۔ مطلب پرستی اور خودغرضی جھوٹ کے ذریعے ممکن ہے۔

دنیا میں اس وقت اگرچہ بعض معاشرے مذہب کے ساتھ وابستہ نہیں ہیں۔ لیکن ان کے نزدیک بعض اخلاقی قدریں بڑی مضبوط ہیں جن میں جھوٹ سے نفرت سرفہرست ہے۔ ان کے نزدیک عریانی، فحاشی، بدکاری چوری کی کوئی اہمیت نہیں۔ لیکن جھوٹ بڑا جرم تصور ہوتا ہے۔ ان کے ہاں یہ تصور ہے کہ انسان جھوٹ نہیں بول سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ کسی بھی اجنبی سے معاملہ کرتے وقت صاف گوئی اور سادگی کا مظاہرہ کریں گے۔ اور دوسروں پر اندھا اعتماد کریں گے۔ اگر ان کے اعتماد پر کوئی نہ اترے یا غلط بیانی ثابت ہو جائے۔ تو ان کا ردعمل بھی انتہائی شدید ہوتا ہے۔ وہ نہ صرف اس شخص سے مقاطعہ کرتے ہیں بلکہ اس کے قبیل یا ہم وطن سے بھی ناطہ توڑ لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جھوٹ بولنے والے کا بڑی سختی سے محاسبہ کیا جاتا ہے۔ اور اسے نفرت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اور آئندہ کیلئے کسی اعلیٰ عہدے کیلئے نااہل قرار دے دیا جاتا ہے۔

جاپان میں جھوٹ بولنے پر کئی وزیراعظم سبکدوش کئے گئے اور وہ ہمیشہ کیلئے پس منظر میں چلے گئے۔ امریکہ سمیت بعض یورپی ممالک میں بھی اس کی کئی نظیریں ملتی ہیں۔

عراق پر امریکی و برطانوی حملے میں جو وجوہات بیان کی گئی تھیں وہ بے نقاب ہو رہی ہیں۔ اور دنیا اس کی حقیقت سے آگاہ ہو چکی ہے۔ اور صدر بش کا جھوٹ کھل کر سامنے آ گیا ہے۔ اس نے امریکی عوام کو دھوکہ دیا۔ فرضی اور من گھڑت واقعات تراشے جس بنا پر عراق کے خلاف کاروائی کی گئی۔ ہزاروں جانیں ضائع ہوئیں اور اربوں ڈالر صرف کئے گئے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ضمیر کی خلش نے بعض اہم ذمہ داران کو سچ اگلنے پر مجبور کر دیا۔ ان میں امریکہ کی سب سے بڑی خفیہ ایجنسی C.I.A. کے سربراہ جارج ٹینٹ نے کھلے عام پریس کانفرنس میں اعتراف کیا ہے کہ اس نے امریکی صدر کو غلط معلومات فراہم کیں۔ اور اس کو بنیاد بنا کر عراق پر یکطرفہ حملے کا حکم صادر کیا گیا۔ سچ تو یہ ہے کہ صدر بش بھی حقیقت حال سے واقف تھے انہیں معلوم تھا کہ اب عراق کے پاس مہلک ہتھیار نہیں ہیں۔ اسی طرح برطانوی وزیراعظم نے بھی عراق کے خلاف بیانات دیئے اور واقعات کو بڑھا چڑھا کر بیان کیا۔ جس کی حقیقت برطانوی مفتش ڈاکٹر ڈیوڈ کیلی نے کھول دی جو عرصہ دراز سے عراق میں بطور اسلحہ انسپکٹر کام کر چکا ہے۔ چونکہ گھر کی گواہی برطانوی وزیراعظم کیلئے انتہائی مہلک تھی۔ لہٰذا اسے چند روز بعد قتل کر دیا گیا۔ اور واقعہ کو خودکشی کا رنگ دیا گیا۔

امریکہ اور برطانیہ میں آہستہ آہستہ یہ آواز زور پکڑ رہی ہے۔ کہ امریکی صدر اور برطانوی وزیراعظم کا جھوٹ بولنے پر مواخذہ کیا جائے۔ اور اضطراب کی یہ کیفیت بہت جلد رنگ لانے والی ہے۔ ذرائع ابلاغ میں بھی ان کے خلاف شدید ردعمل کا اظہار کیا گیا ہے۔ اور دونوں لیڈر شدید تنقید کی زد میں ہیں۔ اسی وجہ سے اب امریکی صدر نے جھنجلاہٹ میں یہ کہہ دیا ہے کہ عراق کا معاملہ ختم ہو گیا ہے۔ حالانکہ اسے معلوم ہونا چاہئے کہ یہی اس کا نکتہ آغاز ہے کسی قوم کو بلا جواز گھر سے بے گھر کرنا، اس کی شناخت کو ختم کرنا ان کی معیشت کو تباہ کرنا کہاں کا انصاف ہے؟ اور اسے اتنی جلدی طاق نسیان میں رکھنا اتنا آسان نہیں ہے۔

امریکی صدر کو بہرحال میں اس کا جواب دینا ہوگا۔ عراق پر فوجی کاروائی کا آخر کیا جواز تھا؟ جھوٹ کا پول کھل چکا ہے۔ اور امریکی صدر اور برطانوی وزیراعظم پورا بے میں بے لباس ہو چکے ہیں۔ دیکھتے ہیں جمہوریت پسند اور انسانی حقوق کے علمبردار عوام ان کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہیں۔ اور کس حد تک ان کا محاسبہ کرتے ہیں۔

امریکی صدر کے بارے میں عام تاثر یہ ہے کہ وہ راسخ العقیدہ عیسائی ہیں اور سختی سے اس پر عمل پیرا ہیں۔ جھوٹ کے بارے میں یسوع مسیح کی تعلیمات بڑی واضح ہیں۔ لہٰذا صدر بش خود کو احتساب کیلئے پیش کر دینا چاہئے اور ہزاروں انسانوں کو ہلاک کرنے اور اربوں ڈالر کے ضائع کرنے پر اعتراف جرم کرنا چاہئے۔ امریکہ کی ایک اہم خفیہ ایجنسی نے صدر بش سے نائب صدر ڈک چینی کے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا ہے۔ چونکہ عراق پر حملہ کرانے میں اس نے سب سے زیادہ امریکی صدر کو اکسایا تھا۔

امریکی وزارت خارجہ کے بیورو آف انٹیلی جنس کے سابق سربراہ گریکری نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وائٹ ہاؤس پر الزام لگایا ہے۔ کہ انہوں نے صدام کے خطرے کے بارے میں سفید جھوٹ بولتے ہوئے امریکی قوم کو دھوکہ دیا ہے۔ اور اس واقعے کا افسوسناک پہلو یہ ہے کہ امریکی قیادت ایجنسیوں کو مخصوص مفادات کیلئے استعمال کر رہی ہیں۔

اس اخلاقی مات اور کھلے عام جھوٹ بولنے کے جرم میں انہیں از خود منظر سے غائب ہونا چاہئے تھا لیکن کھسیانی بلی کھمبا نوچے کے مصداق اب وہ اس سفید جھوٹ کی تاویلیں کر رہے ہیں۔ اور بڑی بے شرمی اور ڈھٹائی سے اپنے غیر ذمہ دارانہ اقدام کو درست قرار دے رہے ہیں۔ اور ایک جھوٹ پر پردہ ڈالنے کیلئے مزید جھوٹ تراشے جا رہے ہیں۔ اب یہ کہا جا رہا ہے کہ مہلک ہتھیاروں کو تلف کرنے کے ساتھ عراقی عوام کو صدام کے ظلم سے



© rasailojaraid.com

